MAYOR OF LONDON

# ایمپلائمنٹ رائٹس ہب (ملازمت کے حقوق کا ہب)

میئر کے وعدے، کہ وہ لندن کو کام کے لئے ایک اچھا شہر بنائیں گے، کے ایک حصے کے طور پر ہم ملازمت کے مختلف حقوق کے بارے میں تفصیلات فراہم کر رہے ہیں اور اس بابت بھی کہ اگر آپ کو کام پر مشکل کا سامنا ہو تو کیا کریں۔

## مندرجات


ترجمہ پر نوٹ 2

ملازمت کے حقوق کیا ہیں؟ 3

میں فکر مند ہوں کہ مجھے ملازمت کے حقوق حاصل نہیں ہیں میرے ایمیگریشن سٹیٹس کی وجہ سے۔ 4

میں ملازمت کے حقوق کے بارے میں عمومی معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟ 8

یکساں سلوک 12

تنخواہ اور پینشنز 21

جاب کا کھونا 28

خاندان اور والدین 34

کام سے چھٹی 39

کام کرنے کے اوقات اور حالات 44

## ترجمے پر نوٹ

اس گائیڈ کا انگریزی سے آپ کی زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ کچھ ریسورسز جن کا ہم نے لنک دیا ہے صرف انگریزی میں دستیاب ہیں۔ اگر آپ انہیں پڑھنا چاہیں، تو گوگل ٹرانسلیٹ ایسی خدمات فراہم کرتا ہے جہاں پوری ویب پیج کا ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔ ویب براوَزر کھولیں اور translate.google.com پر جائیں۔ بائیں جانب ٹیکسٹ بوکس میں، اس ویب سائٹ کا پورا URL ٹائپ کریں (بشمول http://) جسے آپ دیکھنا چاہتے ہیں۔ دائیں جانب، جس زبان میں آپ دیکھنا چاہتے ہیں اس منتخب کریں۔ ترجمہ شدہ ویبسائٹ آ جائے گا، اور آپ پورے ویب سائٹ کے لنکس کو کلک کر کے اسی زبان میں دیکھ سکتے ہیں - جب تک آپ گوگل ٹرانسلیٹ کے اندر رہتے ہیں۔

برائے مہربانی توجہ فرمائیں کہ گوگل ٹرانسلیٹ 100% صحیح نہیں ہوتا، اور قانونی معلومات کے صحیح ترجمہ کے لئے قابل بھروسہ نہیں ہے۔ اگر آپ کا مسئلہ پیچیدہ ہے اور اس دستاویز میں اس کا جواب نہیں ہے، تو بہتر یہی ہوگا کہ آپ براہ راست مشورے والے مرکز میں تشریف لے جائیں اور یا Acas کے ہیلپ لائن 0300 123 1100 پر فون کریں جو پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 تک کھلا رہتا ہے اور آپ کو کسی بھی زبان میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔ مشوروں کے مراکز کا ایک انٹرایکٹیو نقشہ، جس میں یہ معلومات بھی شامل ہیں کہ آیا یہ مراکز ترجمے کی سہولت مہیا کرتے ہیں یا نہیں، اب دستیاب ہے۔ اگر آپ کا لوکل مرکز ترجمے کی سہولت مہیا نہیں کرتا، تو انہیں اعتراض نہیں ہوگا کہ آپ ترجمے کے لئے اپنے کسی دوست یا رشتہ دار ساتھ لائیں۔

## آپ کے ملازمت کے حقوق کیا ہیں؟

یوکے میں حکومت نے ایسے قوانین نافذ کئے ہیں جو کام پر آپ کو تحفظ دیتے ہیں۔ انہیں **statutory employment rights (ملازمت کے قانونی حقوق)** کہتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ جن کے لئے آپ کام کرتے ہوں، وہ آپ کو آپ کے کونتریکٹ یا اگریمنٹ کے ایک حصے کے طور پر کچھ اضافی حقوق بھی دیں۔ انہیں **contractual employment rights (ملازمت کے کنٹریکچول حقوق)** کہتے ہیں۔

## کیا مجھے ملازمت کے حقوق حاصل ہیں؟

یوکے میں کام کرنے والے ہر فرد کے کچھ حقوق ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کہاں سے آئے ہیں اور کیا کام کرتے ہیں۔

آپ کے کنٹریکچول رائٹس (کنٹریکٹ والے حقوق) آپ کے کونٹریکٹ میں لکھے ہونے چاہئیں (اگر آپ کے پاس کونٹریکٹ ہے) آپ کے قانونی حقوق کی تعداد ایک چیز پر ہے جسے آپ کی **Employment status (ایمپلائی منٹ سٹیٹس)** کہتے ہیں۔ اس کا فیصلہ ایگریمنٹ یا کونٹریکٹ کی وہ قسم کرتی جو کہ آپ اور اس شخص کے بیچ ہو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں۔

## میں فکر مند ہوں کہ میرے ایمیگریشن سٹیٹس کی وجہ سے مجھے ملازمت کے حقوق حاصل نہیں ہیں۔

آپ کی ایمیگریشن سٹیٹس آپ کے ملازمتی حقوق پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کو اپنے ایمیگریشن سٹیٹس پر معلومات چاہئیں، تو ہم نے ایک **انٹرایکٹیو نقشہ اور ایمیگریشن اور مشورے کی خدمات کی ایک لسٹ** بنائی ہے۔

اگر پبلک فنڈز (NRPF) تک آپ کی رسائی نہیں ہے ( no recourse to public funds) اور آپ کو مالی اور ہاوَزنگ (گھر) سپورٹ کے لئے مدد درکار ہے، **NRPF نیٹ ورکٹول** آپ کی یہ چیک کرنے میں کرتا ہے کہ آپ حکومت سے کونسی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

اگر آپ EU شہری ہیں اور بریگزیٹ (Brexit) کے بعد UK میں رہنے کے لئے مشورہ چاہیئے تو میئر کے **EU Londoners Hub**پر جائیں۔

## میری ایمپلائمنٹ سٹیٹس (employment status) کیا ہے؟

ایمپلائمنٹ کی 3 بڑی قسمیں ہیں:

1. ایمپلائی (Employee)
2. ورکر (Worker)
3. سیلف ایمپلائیڈ (Self-employed)

یہ معلوم کرنا بہت مشکل ہوسکتا ہے کہ آپ کی ایمپلائمنٹ سٹیٹس کیا ہے- لیکن یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ آپ کو کونسے حقوق حاصل ہیں۔

آپ اپنی ایمپلائمنٹ سٹیٹس **Trades Unions Congress (TUC) website(ٹریڈ یونینز کانگریس کی ویب سائٹ)** پر معلوم کرسکتے ہیں۔ یہ 13 مختلف زبانوں میں دستیاب ہے۔

**Work Rights Centre** پر بھی ایک ٹول ہے جہاں سے آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ آپ کی ایمپلائمنٹ سٹیٹس کیا ہے اور آپ کو کونسے حقوق حاص ہیں۔

## میرے حقوق کیا ہیں؟

ہم نے مختلف قسم کی ملازمتی حقوق کے بارے میں بہت ساری مفید معلومات یکجاء کی ہیں، بشمول:

- **یکساں سلوک**- امتیازی سلوک اور ہراس، وسل بلوورز/whistleblowers (کسی غلط کام کے بارے میں پہلی معلومات دینے والے) کے لئے تحفظ، ٹریڈ یونین میں شمولیت، جدید غلامی
- **آپ کے حقوق جب آپ کام کھو دیں (کام ختم ہو جائے)**- ریڈنڈینسی (مزید ضرورت نہ ہونے پر برخاستگی) پے، TUPE (ٹرانسفر آف انڈرٹیکنگز (ایمپلائمنٹ کا تحفظ))۔
- **پے (تنخواہ) اور پینشنز** - National Minimum Wage نیشنل مینمم ویج (قومی کم سے کم تنخواہ) یا Living

Wage لیونگ ویج، آپ کی تنخواہ سے unlawful deductions یعنی غیرقانونی کٹوتی، itemised payslips یعنی آئٹمائزڈ (تفصیلی) پے سلپس، workplace pension/ورک پلیس پینشن

- **فیملیز اور والدین کے حقوق** - میٹرنٹی لیو (چھٹی برائے زچگی)، پیٹرنیٹی لیو (نومولود کے لئے والد کی چھٹی)، شیئرڈ پیرنٹل لیو (ماں باپ دونوں کی چھٹی) اور پے، اڈاپشن (گود لینا) کی چھٹی اور پے
- **ورکنگ آورز اور کنڈیشنز (کام کرنے کے اوقات اور حالات)** - تفریحی وقفے، ہیلتھ اینڈ سیفٹی، فلیکسیبل (لچک والے) کام کا تقاضا کرنے کا حق، ورکنگ آورز
- **کام سے چھٹی**۔ سک لیو (رخصت برائے بیماری) اور پے، اینول لیو اور ہالیڈے پے، ایمرجنسیز کے لئے چھٹی

## کام پر کسی مسئلے سے کیسے نمٹوں؟

اگر آپ کو کام پر کوئی مسئلہ درپیش ہے تو اس کو خود حل کرنے کے لئے بہت سی چیزیں ہیں جو آپ کرسکتے ہیں۔ کچھ ایسی چیزیں جو آپ کرسکتے ہیں ان کے لئے وقت کی کڑی شرط ہوتی ہے اس لئے یہ بہت اہم ہے کہ آپ فوراً قدم اٹھائیں۔

**Citizens Advice کی ویب سائٹ پر کچھ بہت ہی اچھے مشورے ہیں** ان اقدامات کے بارے میں جو کہ آپ کام پر اپنے مسائل کے حل کے لئے اٹھا سکتے ہیں

کام پر مسائل سے نمٹنے کا ایک بہترین راستہ ٹریڈ یونین میں شمولیت ہے۔ عمومی طور پر ٹریڈ یونینز اس مسئلے کے بارے میں مدد نہیں کرسکتے جو کہ آپ کی شمولیت سے پہلے پیش آئے۔ **اپنے لئے صحیح یونین ڈھونڈیں**

اگر آپ کو خود مسئلہ حل کرنے میں مشکل پیش آرہی ہے، تو بہت ساری ایسی جگہیں ہیں جہاں سے آپ مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

اس سے پہلے کہ آپ سپورٹ کے لئے کسی سے رابطہ کریں، یہ اہم ہے کہ جتنی ممکن ہوں اتنی معلومات حاصل کر رکھیں۔ اگر آپ کے پاس یہ معلومات پرنٹ شدہ شکل میں ہوں تو یہ بہت مددگار ہوگا۔ یہ کام آپ اپنی مقامی لائبریری میں کر سکتے ہیں۔ ممکنہ چیزیں جو آپ شامل کرسکتے ہیں:

- اپنے مسئلے کی وضاحت
- جس امتیازی سلوک یا ہراس کا آپ نے سامنا کیا ہو، اس کی تفصیلی ٹائم لائن (وقت اور تاریخ کی ترتیب وار تفصیل)
- اپنی ایمپلائمنٹ کونٹریکٹ کی ایک نقل (اگر آپ کے پاس ہو)
- تازہ ترین پے سلپس کی ایک نقل (اگر آپ کے پاس ہو)

- آپ اور اس شخص کے درمیان خطوط اور ایمیلز کی نقول جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں جو کہ اس مسئلے سے متعلق ہوں جو آپ کو درپیش ہے
- جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس کے ساتھ مسئلے کے بارے میں ہونے والی تمام گفتگو کی تفصیلات

## میں ملازمت کے حقوق کے بارے میں عمومی معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

### فون یا ایمیل پر

- اگر آپ کو ملازمتی حقوق کے بارے میں مزید عمومی معلومات درکار ہیں تو آپ Acas ہیلپ لائن کو **0300 123 1100** پر فون کرسکتے ہیں۔ یہ صبح 8 سے شام 6 بجے تک، پیر تا جمعہ کھلا رہتا ہے، اور آپ کو کسی بھی زبان میں مدد فراہم کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو سماعت کا مسئلہ ہے تو آپ ان کی ٹیکسٹ ریلے سروس **18001 0300 123 1100** پر استعمال کرسکتے ہیں۔ ممکن ہے وہ آپ کا وہ مسئلہ بھی حل کردیں جو کہ آپ کا اس شخص سے چل رہا ہو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں۔ اس کو میڈی ایشن یا ثالثی کہتے ہیں۔

- اگر آپ معذور ہیں اور اپنے ملازمتی حقوق کے بارے مین جاننا چاہتے ہیں تو آپ ڈس ایبیلیٹی لاء کاوَنسل (DLS) کے ساتھ **791 9800 0207** یا ایمیل **[advice@dls.org.uk](mailto:advice@dls.org.uk)** پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

- ورکنگ فیملیز (Working Families) ایک قومی چیریٹی (خیراتی) ادارہ ہے جو والدین اور کیئررز کو مفت مشورے فراہم کرتی ہے۔ آپ **مزید معلومات کے لئے ان کی ویب سائٹ پر جاسکتے ہیں** ان کی ہیلپ لائن پر ایمیل کریں **advice@workingfamilies.org.uk**(وہ 5 ورکنگ ڈیز کے دوران جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں) یا کال کریں **012 0312 0300** پر (جو کہ فی الوقت پیر کو شام 3 تا 5 بجے، منگل اور جمعرات کو دوپہر 12 تا 2 بجے کھلی ہوتی ہے)

- اگر آپ کسی ٹریڈ یونین کے ممبر ہیں تو مشورے کے لئے آپ ان سے براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں

- اگر آپ کو سپیشلسٹ فون یا ای میل سپورٹ سروسز کی ضرورت ہے جو کسی خاص مسئلے سے متعلق ہو جیسا کہ امتیازی سلوک، تو آپ متعلقہ سیکشن میں اس مسئلے کے بارے میں نیچے لنکس دیکھ سکتے ہیں۔

## آمنے سامنے مشورہ

ہم نے آپ کی مدد کے لئے **لندن مںں ایڈوائس سنٹرز کا نقشہ** بنایا ہے جہاں پر آپ پارٹ ٹائم (جزوقتی) کام کے حقوق کے بارے میں مدد کے لئے کسی سے مل سکتے ہیں۔ ہم نے **ایک لسٹ مںں ان کے کوائف** بھی دئے ہیں۔ ان میں سے بہت سارے فون اور ای میل کے ذریعے بھی مشورے دیتے ہیں، اور بہت سارے ترجمے کی سہولت بھی فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ کا لوکل مرکز ترجمے کی سہولت مہیا نہیں کرتا، تو انہیں اعتراض نہیں ہوگا کہ آپ ترجمے کے لئے اپنے کسی دوست یا رشتہ دار ساتھ لائیں۔

یہ یاد رکھنا اہم کہ کچھ جگہیں آپ کی مدد کرسکتی ہیں:

- صرف کچھ چیزوں میں جیسا کہ عمومی مشورہ یا فارمز بھرنا
- صرف اس صورت میں اگر آپ ان کے قریب رہتے یا کام کرتے ہیں (مثلاً مدد کے لئے آپ کا اس برو میں رہنا ضروری ہو)
- صرف اس صورت میں جب آپ کا تعلق کچھ خاص ممالک یا پس منظر سے ہو (مثلاً آپ مشرقی یا وسطی یورپ سے ہوں)
- صرف اس وقت جب آپ زیادہ پیسے نہیں کماتے ہوں اور یا مالی طور پر مشکل میں ہوں

- صرف اس صورت میں جب آپ نے ان کے ساتھ پہلے سے ٹیلیفون کے ذریعے اپوائنٹمنٹ بنائی ہو

جانے سے پہلے اطمینان کرلیں کہ آپ نے ہمارے مراکز کی لسٹ کی تفصیلات چیک کر لی ہیں تاکہ آپ اپنے مسئلے کے لئے صحیح جگہ ڈھونڈ سکیں۔

## لندن کو کام کے لئے بہتر جگہ بنانے کے لئے میئر کیا کر رہا ہے؟

میئر نے وعدہ کیا ہے کہ اگر وہ منتخب ہو گیا تو وہ لندن کو کام کے لئے فیئرر (شفافتر) جگہ بنائے گا، اور اس کا ایک بڑا حصہ یہ یقینی بنانا ہے کہ لندن میں سب کام کرنے والوں کے ساتھ ان لوگوں کی جانب سے اچھا سلوک کیا جائے جن کے لئے وہ کام کرتے ہیں۔

میئر لندن کے تاجروں اور کمپنیوں کو کہہ رہے ہیں کہ وہ **Good Work Standard (گوڈ ورک سٹینڈرڈ)** پر سائن اپ کریں جو کہ ان سے وعدہ لیتا ہے وہ اپنے لئے کام کرنے والوں کے ساتھ یکساں سلوک کریں گے۔

وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ وہ لندن میں کام کرنے والا ہر شخص جان لے کہ ان کے حقوق کیا ہیں تاکہ وہ بتا سکیں کہ کب ان کے ساتھ بُرا سلوک کیا جا رہا ہے۔ اگر آپ کے ساتھ ناانصافی کا سلوک کیا جارہا ہے، تو میئر لوگوں کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ وہ اس کا حل نکالنے کے لئے مدد اور سپورٹ حاصل کرسکتے ہیں۔

# رائٹس (ملازمتی حقوق)

اگر کروناوائرس کی وجہ سے آپ کے کام یا آمدنی پر اثر پڑا ہو، تو بہت اہم ہے کہ آپ اپنے ملازمتی حقوق سے آگاہ ہوں۔ اگر آپ کو کام سے چھٹی لینی پڑی ہو، آپ کے گھنٹے کم کردئے گئے ہوں یا آپ کی جاب چلی گئی ہو، تو آپ کام پر حقوق یا دوسری سپورٹ کے اہل ہوسکتے ہیں جو آپ کی ان حالات میں مدد کرسکتی ہے۔

آپ کے ملازمتی حقوق کا انحصار آپ کی Employment status (ایمپلائی منٹ سٹیٹس) پر ہے۔ یہ اہم کہ آپ پہلے **اپنا ایمپلائیمنٹ سٹیٹس** معلوم کر لیں تاکہ آپ جان سکیں کہ آپ کو کونسے حقوق حاصل ہیں

اس دستاویز میں دی گئی معلومات بمطابق 13 مئی 2020 صحیح ہیں۔ برائے مہربانی تازہ ترین معلومات کے لئے حکومتی ویب سائٹ چیک کریں۔

## اگر آپ کو کام پر محفوظ ہونے کے حوالے سے خدشہ ہو

تو حکومت آپ کو مشورہ دیتی ہے کہ آپ گھر سے کام کریں اگر ایسا کرنا آپ کے لئے ناممکن نہ ہو، اور جس فرد کے لئے آپ کام کرتا ہیں انہیں گھر سے کام کرنے میں آپ کی مدد کے لئے وہ سب کچھ کرنا چاہیئے جو وہ کرسکتے ہوں۔

اگر گھر سے آپ کے لئے کام کرنا ممکن نہ ہو – مثلاً اگر آپ تعمیراتی یا مصنوعاتی شعبے میں کام کرتے ہوں – تو

حکومت آپ کی فعلاً حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ کام پر جائیں۔ جس کے لئے آپ کام کرتے انہیں آپ کو کام پر محفوظ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے، بشمول ایسے اقدامات لینے کے جہاں سماجی دوری برقرار رکھی جا سکے۔ حکومت نے **ایمپلائرز کے لئے رہنمائی** ترتیب دی ہے تاکہ ان لوگوں کے تحفظ میں ان کی مدد کی جائے جو ان کے لئے کام کرتے ہیں اور ان کے کام کی جگہ کو 'کووڈ-19 محفوظ' بنانے میں۔

اگر آپ کو کام پر جانے کے لئے کہا جا رہا ہے اور آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ گھر سے کام کر سکتے ہیں، یا آپ محسوس کرتے ہیں کہ کام کی جگہ آپ کے لئے غیرمحفوظ ہے، یا آپ اپنے معمول کے گھنٹوں میں کام نہیں کر سکتے کیونکہ آپ پر کیئرنگ کی ذمہ داریاں ہیں، تو یہ اہم ہے کہ آپ ان سے بات کریں جن کے لئے آپ کام کرتے ہیں۔ انہیں آپ کے خدشات کو سننا ہوگا۔ **TUC نے کچھ گائیڈنس جاری کی ہے کہ اگر آپ سمجھتے ہوں کہ کام کی جگہ محفوظ نہیں ہے تو آپ کیا کرسکتے ہیں۔**

کچھ لوگوں کو وائرس لگنے سے بچنے کے لئے **حکومت نے اضافی اقدامات لینے کا کہا ہے** ۔ اس کو شیلڈنگ کہتے ہیں۔ اگر آپ حکومت کے مشورے پر شیلڈنگ کر رہے ہیں، یا آپ کو گھر پر ان لوگوں کے ساتھ رہنے کی ضرورت ہے جو شیلڈنگ کر رہے ہیں، تو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، انہیں آپ کو کام پر آنے کے لئے نہیں کہنا چاہیئے۔ تقریباً تمام کیسز میں، انہیں آپ کو پھر بھی تنخواہ دینی چاہیئے جن کے لئے آپ کام کرتے ہیں۔ **آپ کونسی تنخواہ کے حقدار ہیں اگر آپ بیمار ہیں یا شیلڈنگ کر رہے ہیں** اس پر ہماری گائیڈنس ملاحظہ کریں۔

یہ غیرقانونی امتیازی سلوک ہوسکتا ہے اگر جن کے لئے آپ کام کرتے ہیں وہ آپ کو کام پر جانے کے لئے دباوَ ڈالے اگر آپ

حاملہ ہوں، آپ کی عمر 70 سال سے زیادہ ہو یا آپ کو کوئی ایسا عارضہ لاحق ہو جسے ایکولیٹی ایکٹ کے مطابق معذوری سمجھا جاتا ہو۔ **ACAS نے اس بارے مں کچھ گائڈنس دی ہے۔**

آپ کو اس شخص کو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں یا کسی اور کو بتانے کی ضرورت ہوسکتی ہے اگر کام پر کچھ غلط ہورہا ہو، مثلاً اگر آپ کے کام کی جگہ غیرمحفوظ ہو۔ اس کو whistleblowing(ویسل بلوونگ یا خبردار کرنا) کہتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو اس شخص جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں کو اجازت نہیں ہے کہ آپ کے ساتھ جانبدارانہ سلوک کرے یا آپ کو کام سے معطل کرے یا نکالے۔ **Whistleblowers (ویسل بلوورز) کے لئے تحفظ پر ہماری گائیڈنس ملاحظہ کریں**

جس فرد کے لئے آپ کام کرتے ہیں وہ آپ کو مار کر یا دھمکی دے کر کام نہیں کروا سکتا۔ اگر آپ ان کے لئے کام نہیں کرنا چاہتے تو انہیں آپ کو جانے دینا چاہیئے۔ اس کو جدید غلامی کہتے ہیں۔ حکومت نے **جدید غلامی اور کرونا وائرس پر گائیڈنس** دی ہے، جس میں اس صورت کے لئے بھی مشورہ شامل ہے اگر آپ گھریلو یا کیئر ورکر ہوں اور اپنے ایمپلائر کے ساتھ رہتے ہوں۔ **اگر آپ جدید غلامی سہہ رہے ہیں تو آپ کو کیا کرنا چاہئیے، اس پر ہماری گائیڈنس ملاحظہ کریں۔**

# اگر آپ کو کرونا وائرس کی وجہ سے کام سے چھٹی چاہیئے

اگر آپ کو**حکومت نے سیلف آئسولیٹ ہونے کا مشورہ دیا ہو** کیونکہ آپ بیمار ہیں، یا آپ کو کسی بھمار کے ساتھ رہنے کی ضرورت ہے، اور آپ گھر سے کام نہیں کرسکتے، تو حکومت کا کہنا ہے کہ زیادہ تر کیسز میں آپ کو سک پے (sick pay) ملنی چاہیئے۔

ہر کوئی سک پے کا اہل نہیں ہے۔ **یہاں چیک کریں کہ آپ سک پے کے اہل ہیں۔**

اگر آپ اس وجہ سے سک پے کے اہل نہیں کہ آپ کی کمائی اتنی نہیں ہے، تو ہوسکتا ہے آپ **بینفٹس بشمول یونیورسل کریڈٹ** کے لئے درخواست دے سکیں۔

اگر آپ شیلڈنگ کر رہے ہیں یا آپ کو ان کے ساتھ گھر پر رہنے کی ضرورت ہے جو شیلڈنگ کر رہے ہیں، تو ہوسکتا ہے آپ سک پے لینے کے اہل ہوں۔ اگر آپ اور وہ جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، دونوں اتفاق کرلیں، تو ہوسکتا ہے کہ اس کی بجائے آپ کا ایمپلائر آپ کو 'فرلو' میں ڈال دے، اور آپ کو کروناوائرس جاب ریٹنشن سکیم کے تحت تنخواہ دیتا رہے۔ **یہاں چیک کریں کہ آیا کرونا وائرس جاب ریٹنشن سکیم آپ کو کور کرتا ہے۔** جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں ان کے ساتھ آپ اس پر بات کرسکتے ہیں۔ کرونا وائرس جاب ریٹنشن سکیم اکتوبر 2020 تک جاری رہے گی اور جس طرح یہ کام کر رہا ہے اس میں جولائی کے آخر تک کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ **برائے مہربانی تازہ ترین معلومات کے لئے حکومتی ویب سائٹ چیک کریں۔**

اگر سیلف ایمپلائیڈ (Self-employed) ہونے کی وجہ سے آپ سک پے کے اہل نہیں ہیں، تو آپ حکومت کی **سیلف ایمپلائیڈ انکم سپورٹ سکیم** کے اہل ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ کسی کمپنی کے لئے کام کرتے ہیں لیکن آپ کی ایمپلائمنٹ سٹیٹس سیلف ایمپلائیڈ ہے، تو ہوسکتا ہے کہ

اس کمپنی کی سک پے کے حوالے سے اپنی کوئی سکیم ہو۔ آپ کی کمپنی کی سکیم کے تحت اس کی کوئی حد ہوسکتی ہے کہ آپ کتنے عرصے تک سک پے لے سکتے ہیں۔

اگر آپ کی ایمیگریشن سٹیٹس، نو ریکورس ٹو پبلک فنڈز (پبلک فنڈز تہ عدم رسائی) والی ہے تو آپ پر سک پے یا حکومتی سیلف ایمپلائیڈ انکم سپورٹ سکیم تک رسائی حاصل کرنے کی پابندی نہیں ہے۔ اگر آپ کو پبلک فنڈز تک رسائی حاصل نہیں تو آپ اپنے استحقاق کے بارے میں مزید معلومات **NRPF نیٹورک ویب سائیٹ** حاصل کرسکتے ہیں۔

اگر آپ حاملہ ہیں، تو آپ کو زیادہ خطرے کا سامنا ہوسکتا ہے اور آپ کو گھر سے صرف ضروری کام سے ہی باہر جانا چاہیئے۔ اگر آپ امید سے ہیں اور اپنے آپ کو آئیوسلیٹ کیا ہوا ہے تو اپنے ملازمتی حقوق پر گائیڈنس کے لئے **میٹرنٹی ایکشن** پر جائیں۔

اگر آپ اس لئے کام پر نہیں جارہے ہیں کیونکہ آپ نے خود کو حکومت کے کہنے پر سیلف آئسولیٹ کیا ہوا ہے، تو اکثر کیسز میں آپ **این ایچ ایس آن لائن 111** سے 'آیسولییشن نوٹ' حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ کو داکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں۔

## اگر آپ نے کرونا وائرس کی وجہ سے اپنی جاب کھو دی ہے

کچھ بزنسز، جن میں پب، ریستوران اور کچھ دکانیں شامل ہیں، کو بند کرنے کا کہا گیا ہے تاکہ کروناوائرس کے پھیلاوَ کو روکا جائے، اور دیگر کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اگر ان کے پاس آپ کے کرنے کے لئے کام نہیں ہو، تو وہ آپ کو کام پر آنے سے روک سکتے ہیں۔

اگر آپ اور جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں دونوں راضی ہوں، تو آپ کا ایمپلائر آپ کو یہ رول پر رکھ سکتا ہے اگر وہ کرونا وائرس کی وجہ سے اپنا کام نہیں چلاسکتے ہوں یا ان کے پاس آپ کے لئے کام نہیں ہو۔ اس کو 'آن فرلو' ہونا کہتے ہیں۔ **یہاں چیک کریں کہ آیا کرونا وائرس جاب ریٹنشن سکیم آپ کو کور کرتا ہے۔** کرونا وائرس جاب ریٹنشن سکیم اکتوبر 2020 تک جاری رہے گی اور جس طرح یہ کام کر رہا ہے اس میں جولائی کے آخر تک کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ **تازہ ترین معلومات کے لئے حکومتی ویب سائٹ چیک کریں۔** **TUC میں گائیڈنس ہے** کرونا وائرس جاب ریٹینشن سکیم کے تحت آپ کے حقوق کے بارے میں۔ کرونا وائرس جاب ریٹینشن سکیم آپ کو کور کرتا ہے اگر آپ کے پاس کسی بھی قسم کا کنٹریکٹ ہے، مثال کے طور پر اگر آپ کسی ایجنسی کے ورکر ہیں یا آپ کے پاس زیرو آورز کا کنٹریکٹ ہے۔

اگر آپ کی جاب چلی گئی ہے اور کرونا وائرس جاب ریٹینشن سکیم آپ کو کور نہیں کرتی، **سٹیزن ایڈوائس** پر کچھ گائیڈنس موجود ہے کہ آپ کیا کرسکتے ہیں۔

اگر کرونا وائرس کی وجہ سے آپ کے گھنٹے یا تنخواہ کم کردی گئ ہے، تو **منی ایڈوائس سروس** پر جائیں۔

اگر آپ سیلف ایمپلائیڈ ہیں اور کرونا وائرس کی وجہ سے آپ کا بزنس چلا گیا ہے تو آپ حکومتی **سیلف ایمپلائیڈ انکم سپورٹ سکیم** کے اہل ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی آمدنی کے بارے میں فکرمند ہیں اور آپ کو فوری طور پر پیسوں کی ضرورت ہے، تو ہوسکتا ہے کہ **بینفٹس بشمول یونیورسل کریڈٹ** کلیم کرسکتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کی لوکل کاؤنسل کے پاس بھی آپ کو سپورٹ کرنے کی سکیمیں ہوں۔

اگر آپ پر یہ ایمیگریشن والی شرط لوگو ہوتی ہے، نو ریکورس ٹو پبلک فنڈز (پبلک فنڈز تک عدم رسائی)، تو ہوسکتا ہے کہ اس سے پہلے کہ آپ ویلفیئر سپورٹ تک رسائی حاصل کریں آپ کو گائیڈنس کی ضرورت ہو۔ آپ مزید معلومات **دی NRPF نیٹورکس فیکٹ شیٹ** پر حاصل کرسکتے ہیں۔

# اگر بچوں یا دیگر کی کیئر کر رہے ہیں

سکول اور نرسریوں کے بند ہونے کے نتیجے میں، ہوسکتا ہے کہ آپ کو بچوں یا کسی دوسرے رشتہ دار کے دیکھ بھال کرنی پڑ رہی ہو او کام نہ کرسکتے ہوں۔

اگر آپ ایمپلائی (Employee) اور ہیں آپ کے بچے ہیں، تو جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ آپ کو بچوں کی دیکھ بھال کے لئے، کام سے ایک خاص وقت کے لئے بغیر تنخواہ کے چھٹی دے۔ اس کو **ان پیڈ (بغیر تنخواہ) پیرنٹل لیو** کہتے ہیں۔

اگر آپ اس لئے کام نہیں کرسکتے کہ آپ کو بچوں کی کیئر کرنی ہے، تو آپ **کروناوائرس جاب ریٹنشن سکیم** کے لئے اہل ہوسکتے ہیں۔ آپ اپنے ایمپلائر کے ساتھ اس پر بات کرسکتے ہیں۔

**ورکنگ فیملیز** پر دوسروں کی کیئر کے لئے چھٹی کے آپ کے حق پر گائیڈنس ہے۔

## اگر آپ کو مزید ایڈوائس چاہیئے

لندن میں زیادہ تر ایڈوائس سنٹرز مزید بالمشافہ ایڈوائس نہیں دے رہے ہیں۔ کچھ آپ کو ٹیلیفون یا انٹرنیٹ پر ایڈوائس دے سکتے ہیں۔ **یہاں پر ایک انٹرایکٹیو نقشہ ہے** لندن میں

ایڈوائس سنٹرز کا۔ **ہم نے ایک لسٹ میں ان کے کوائف بھی دئیے ہیں۔** یہ معلومات حاصل کرنے کے لئے کہ آیا وہ ٹیلیفون پر ایڈوائس دیتے ہیں یا نہیں ہر ایک ایڈوائس سنٹر کا اپنا اپنا ویب سائٹ چیک کریں۔

اگر آپ کو کام پر مسئلے کے بارے میں بات کرنی ہے، تو **ACAS** کی ہیلپ لائن 1100 123 0300 پر فون کریں۔

ایسے متخصص ادارے موجود ہیں جو غیر برطانوی لندن والوں کے لئے بنی ہوئی سپورٹ فراہم کرسکتے ہیں۔ **یونائیٹڈ وائسز آف دی ورلڈ** ، دی **ورک رائٹس سنٹر** ، دی **ایسٹ یورپین ریسورس سنٹر** اور **لیٹن امیریکن ویمنز رائٹس سروس** ٹیلیفون کی ذریعہ مختلف زبانوں میں سپورٹ مہیا کرسکتے ہیں۔ مزید مشوروں اور رہنمائی کے لئے **غیر برطانوی شہریوں کے لئے ہماری ایک سپورٹ پیج بھی ہے**۔

اگر کووڈ۔ 19 نے آپ کو کام سے چھٹی لینے پر مجبور کیا ہو یا اس کی وجہ سے آپ کی آمدنی میں کمی آئی ہو، تو یہ کافی پریشان کن ہوسکتا ہے۔ جس کے نتیجے میں، آپ کو زیادہ پریشانی ، خراب طبیعت یا ڈپریشن کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ترائیو لندن (Thrive London) کے ذریعہ **ریسورسز اور سپورٹ** دستیاب ہیں جو مددگار ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ کی آمدنی کووڈ۔19 کی وباء کی وجہ سے کم ہوئی ہے، تو شاید آپ ایک بجٹ فارم بھرنا چاہیں۔ چیریٹی منی اور مینٹل ہیلتھ نے **ایک فارم بنایا ہے** جس میں اپنی تمام آمدنی اور اخراجات کا اندراج کرسکتے ہیں تاکہ آپ زیادہ بہتر طور پر سمجھ سکیں کہ آمدنی میں کمی آپ پر کیا اثر کرسکتی ہے۔

وہاں پر کرونا وائرس کی وباء کے دوران مزید **سپورٹ اور گائڈنس** بھی ہے۔

اگر آپ کو آمدنی میں تبدیلیوں کو سمجھنے اور انہیں سلجھانے میں مزید مدد درکار ہے، تو پالیسی ان پریکٹس کے پاس **اکثر پوچھے جانے والے سوالات یعنی FAQs کی ایک لسٹ اور ایک آنلائن چیٹروم** بھی ہے۔

TUC پر **ویبنارز** کا ایک پورا سلسلہ ہے جس میں کروناوائرس اور کام کے حوالے سے مسائل کا احاطہ کیا گیا ہے۔

## یکساں سلوک کیا جانا

بہت سارے ایسے حقوق ہیں جو یہ یقینی بناتے ہیں کہ کام کی جگہ پر آپ کے ساتھ مساویانہ سلوک کیا جائے۔

یاد رہے کہ ان میں سے کچھ حقوق آپ کو اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب آپ ایک خاص ایمپلائیمنٹ سٹیٹس رکھتے ہوں (جیسا کہ **ایمپلائی** یا ایک **ورکر**)۔

## مساویانہ سلوک

### Discrimination and harassment (امتیازی سلوک اور ہراس)

جس فرد کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں وہ آپ کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کر سکتا مندرجہ ذیل کی بنیاد پر:

- آپ کی عمر
- اگر آپ معذور ہوں
- آپ ٹرانس سیکشول (مخلوط الجنس) ہوں
- آپ شادی شدہ ہوں یا آپ کا سول پارٹنر ہو
- آپ حاملہ ہوں یا حال ہی میں بچہ جنم دینے کی وجہ سے کام سے چھٹی پر ہوں
- آپ کا نسل، بشمول جلد کی رنگت، قومیت یا کسی خاص طبقے/قومیت سے تعلق
- آپ کا مذہب، عقیدہ یا کسی مذہب/عقیدے سے غیر وابستگی
- آپ کی جنس
- آپ کا جنسی میلان

اگر وہ ایسا کریں گے تو وہ قانون شکنی کر رہے ہوں گے۔ اس کو **discrimination یا امتیازی سلوک** کہتے ہیں۔ وہ ایسا بھی کچھ نہیں کرسکتے کہ آپ بے چینی، خوف اور ذلت محسوس کریں یا وہ مندرجہ بالا کی بنیاد پر آپ کے لئے

ایک مخالفانہ ماحول پیدا کرے۔ اس کو **harassment یا ہراس (ایذا رسانی)** کہتے ہیں۔

اس میں **sexual harassment یا جنسی ہراس** بھی شامل ہے جو کہ ایسا رویہ ہے جس سے آپ بے چینی، خوف اور ذلت محسوس کریں یا مخالفانہ ماحول پیدا کرے۔

**ایمپلائیز**اور **ورکرز** کو امتیازی سلوک اور ہراس سے تحفظ میسر ہے۔ اگر آپ سیلف ایمپلائیڈ (Self-employed) ہیں تو بھی آپ کو تحفظ میسر ہو سکتا ہے۔

## میرا خیال ہے کہ مجھے امتیازی سلوک یا پراس کا مسئلہ درپیش ہے۔

امتیازی سلوک اور ہراس کے بارے میں زیادہ تفصیل اس ویبسائٹ پر ہے the Equality and Human Rights (Commission (EHRC۔

سیٹیزن ایڈوائس کی ویب سائٹ پر ایک a checker tool یا چیک کرنے والہ ٹول بھی ہے جو آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کرسکتا ہے کہ آیا آپ کے ساتھ امتیازی سلوک ہورہا ہے یا نہیں۔

## آپ کے حقوق اگر آپ پارٹ ٹائم کام کرتے ہیں

### پارٹ ٹائم کام

جس فرد کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں وہ زیادہ اوقات آپ کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کر سکتا اگر آپ ان کے لئے پارٹ ٹائم کام کرتے ہیں۔ انہیں آپ کو وہی حقوق دینے ہوں گے جو وہ ان لوگوں کو دیتے ہیں جو ان کے لئے فُل ٹائم کام کرتے ہیں۔

پارٹ ٹائم کام کے حقوق صرف **ایملائیز** اور **ورکرز**کے لئے ہیں۔

## میرا خیال ہے کہ پارٹ ٹائم کام کرنے کی وجہ سے مجھے امتیازی سلوک یا پراس کا مسئلہ درپیش ہے:

پارٹ ٹائم ورکرز کے لئے مزید معلومات **the government's website (حکومت کی ویسائٹ).** ہیں۔

## کام پر کسی بری چیز کی رپورٹ کرنا

## whistleblowers (ویسل بلوورز) کے لئے تحفظ

بعض اوقات ہوسکتا ہے کہ آپ کو کام پر پیش آنے والی کسی ایسی بری چیز کی رپورٹ اس شخص کو دینا پڑے جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں یا کسی اور کو، جو بہت سارے لوگوں یا عوام الناس پر اثر انداز ہو سکتی ہو۔ اس کو **whistleblowing(ویسل بلوونگ)** کہتے ہیں۔
اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو اس شخص جس کے لئے آپ کام

کرتے ہیں کو اجازت نہیں ہے کہ آپ کے ساتھ جانبدارانہ سلوک کرے یا آپ کو کام سے معطل کرے یا نکالے۔

ویسل بلوورز کے حقوق صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہیں۔

## میں سمجھتا ہوں کہ میرے ساتھ ویسل بلوونگ کی وجہ سے جانبدارانہ سلوک کیا جا رہا ہے۔

ویسل بلوورز کے تحفظ کے لئے مزید معلومات **the Protect website** پر ہیں۔ یہ ایک ایسی چیریٹی ہے جو ویسل بلوورز کو رازدارانہ سپورٹ اور مشورہ فراہم کرتے ہیں۔

## تشدد، دھمکیوں اور کنٹرولنگ رویے سے تحفظ۔

### Modern Slavery یا جدید غلامی

جس فرد کے لئے آپ کام کرتے ہیں وہ آپ کو مار کر یا دھمکی دے کر کام نہیں کروا سکتا۔ اگر آپ ان کے لئے کام نہیں کرنا چاہتے تو انہیں آپ کو جانے دینا چاہیئے۔ اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو وہ قانون شکنی کر رہے ہوں گے۔ اس کو **جدید غلامی** کہتے ہیں۔

جدید غلامی ایک مجرمانہ فعل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے **ہر ایک کو تحفظ حاصل ہے** چاہے اس کا ایمپلائمنٹ سٹیٹس یا ایمیگریشن سٹیٹس جو بھی ہو۔

## مجھے جدید غلامی کی علامت کیسے نظر آ سکتی ہیں؟

جدید غلامی کی علامات کے بارے میں مزید معلومات
**Modern Slavery Helpline website** پر موجود ہیں
جسے Unseen چیریٹی چلاتی ہے۔

یہاں پر بھی مزید مفید معلومات موجود ہیں **the Metropolitan Police website**.

## میں جدید غلامی کی رپورٹ کس طرح کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو خدشہ ہے کہ آپ یا کوئی اور جدید غلامی کا شکار ہے، تو اس رپورٹ کرنے کے بہت سارے طریقے ہیں:

- آپ جدید غلامی کی ہیلپ لائن 700 121 08000 پر مشورے کے لئے کال کر سکتے ہیں۔ آپ کو انہیں اپنا نام بتانے کی ضرورت نہیں۔ یہ سال کے 365 دن، 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔ مدد یا مشورہ حاصل کرنے کے لئے دوسرے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات **the Modern Slavery Helpline website** پر ہیں۔

- آپ جدید غلامی کی رپورٹ میٹروپولیٹن پولیس کو 101 ڈائل کر کے یا **ان کاآن لائن فارم** استعمال کرکے بھی دے سکتے ہیں۔

- اگر اس کا تعلق فریش پروڈیوس انڈسٹریز (تازہ مصنوعات کی صنعت) سے ہے تو **دی گینگ ماسٹرز اور لیبر اسوز اتھارٹی** کے ساتھ رابطہ کریں۔
- اگر ایمرجنسی ہے یا کوئی جرم ہو رہا ہے تو برائے مہربانی **999** کو کال کریں۔
- آپ Crimestoppers کو **0800 555 111** پر فون کر کے اپنا نام ظاہر کئے بغیر فون کرسکتے ہیں۔

## ٹریڈ یونین کا ممبر بننا

## ٹریڈ یونین میں شمولیت کا حق

جس فرد کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں وہ آپ کے ساتھ اس بنیاد پر کہ ٹریڈ یونین کے ممبر ہیں یا اس میں شامل ہونا چاہتے ہیں، امتیازی سلوک نہیں کر سکتا۔ اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس یونین کے رکن ہیں۔

ٹریڈ یونین میں شمولیت کا حق صرف **ایمپلائیز** اور **ورکرز** کو حاصل ہے۔

## ٹریڈ یونینز کیا ہیں؟

ٹریڈ یونین ورکرز پر مشتمل ایک ایسا ادارہ ہے جو ان لوگوں کو آپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر مجبور کرتا ہے جن کے لئے آپ کام کرتے ہیں۔ اگر آپ ٹریڈ یونین کے ممبر بنتے

ہیں تو کام پر مسئلے کی صورت میں ممکن ہے کہ وہ آپ کی مدد کرسکیں۔ یاد رکھیں کہ اگر آپ کو پہلے سے کوئی مسئلہ ہے تو وہ آپ کی مدد نہیں کرسکتے، وہ صرف ان مسئلوں میں مدد کرسکتے ہیں جو ٹریڈ یونین میں آپ کی شمولیت کے بعد پیش آئے ہوں۔ اگر آپ زیادہ پیسے نہیں کما رہے ہیں تو ممکن ہے کہ ٹریڈ یونین کا ممبر بنے کے لئے آپ کو زیادہ پیسے نہ دینے پڑیں۔

ٹریڈ یونینز پر مزید عمومی معلومات **the Trade Unions Congress (TUC) website** پر ہیں۔

اگر آپ ٹریڈ یونین میں مشولیت میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یونین تلاش کرنے کے لئے **TUC's online tool** استعمال کریں۔

## مجھے لگتا ہے کہ ٹریڈ یونین کا ممبر ہونے کی وجہ سے میرے ساتھ مختلف سلوک کیا گیا ہے۔

ٹریڈ یونین میں شمولیت کے حق پر مزید معلومات **حکومت کی ویب سائٹ** پر ہے۔

## میں شفافانہ اور مساویانہ طور پر سلوک کئے جانے کے بارے میں سپیشلسٹ مشورہ کہاں سے لے سکتا ہوں؟

## فون یا ایمیل پر

- اگر آپ امتیازی سلوک یا ہراس کے بارے میں مشورہ/معلومات حاص کرنا چاہیں تو آپ ایکولیٹی ایڈوائزری اور سپورٹ سروس (EASS) کو **0808 800 0082** یا ٹیکسٹ فون **0808 800 0084** کو ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ بینیفٹس یا لو انکم (کم آمدنی) پر ہیں اور امتیازی سلوک کے بارے میں مشورہ چاہتے ہیں تو آپ کمیونٹی لیگل ایڈوائس کو **0345 345 4345** پر فون کرسکتے ہیں۔

- اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ساتھ بے انصافی کا سلوک اس وجہ سے کیا جارہا ہے کہ آپ یا آپ کے/کی پارٹنر نے کوئی بچہ گود لیا ہے تو آپ میٹرنٹی ایکشن کو **0808 802 0029** پر فون کرسکتے ہیں۔

- اگر آپ معذور ہیں اور ملزمت کے بارے میں اپنے حقوق کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو آُ ڈس ایبیلیٹی لاء سروس (DLS) کو **0207 791 9800** پر فون کرس سکتے ہیں یا **advice@dls.org.uk** پر ایمیل کرسکتے ہیں۔

- اگر آپ ویسل بلوورز کے تحفظ کے بارے میں مشورہ چاہتے ہیں تو آپ چیریٹی بنام Protect کو **020 3117 2520** پر فون کرسکتے ہیں۔ آپ کو انہیں اپنا نام بتانے کی ضرورت نہیں۔ آپ Protect کے بارے میں مزید معلومات **ان کی ویب سائٹ** پر اور ان سے

رابطے کے دوسرے طریقوں کی مدد سے حاصل کرسکتے ہیں۔

- اگر آپ کسی ٹریڈ یونین کے ممبر ہیں تو آپ ان کے ساتھ براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں۔
- اگر آپ خاتون ہیں اور جنسی ہراس کے قانون کے بارے میں مشورہ چاہتی ہیں تو آپ رائٹس آف ویمن سیکشول ہراسمنٹ ایٹ ورک کو مفت قانونی مشورے کے ہیلپ لائن **020 7490 0152** پر فون کرسکتی ہیں۔

## تنخواہ اور پینشنز

ایسی بہت سارے قوانین ہیں جو کہ یہ یقینی بناتے ہیں کہ آپ کا ایمپلائر آپ کو آپ کے کام کے لئے صحیح معاوضہ دے، اور آپ ریٹائرمنٹ کے لئے پیسے بچائے۔

یاد رہے کہ ان میں سے کچھ حقوق آپ کو اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب آپ ایک خاص ایمپلائیمنٹ سٹیٹس رکھتے ہوں (جیسا کہ **ایمپلائی** یا ایک **ورکر**)۔

## مجھے فی گھنٹہ کتنا معاوضہ ملنا چاہیئے؟

## نیشنل منیمم ویج اور نیشنل لیونگ ویج

عمومی طور پر جس بندے کے لئے آپ کام کرتے ہیں اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو آپ کے کام کے لئے فی گھنٹہ ایک مخصوص معاوضہ دے۔

آپ کو کتنے ملیں گے اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کی عمر کیا ہے۔ اگر آپ کی عمر 25 سال سے کم ہے تو اس کو **نیشنل مینمم ویج (یعنی قومی کم سے کم تنخواہ)** کہتے ہیں۔ اگر آپ کی عمر 25 سال سے زیادہ ہے تو اس کو **نیشنل لیونگ ویج (یعنی قومی گزارے والی تنخواہ)** کہتے ہیں۔

اس کی شرح حکومت طے کرتی ہے اور وہ ہر اپریل میں اس کو بدلتی ہے۔ **تازہ ترین ریٹس ملاحظہ کریں**۔

نیشنل منیمم ویج اور نیشنل لیونگ ویج صرف **ایمپلائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہیں۔

## میرا خیال ہے کہ مجھے مینیمم یا لیونگ ویج سے کم مل رہا ہے

**مائی بے لندن ویب سائٹ** پر کچھ معلومات اور ایک مفید ٹول ہے جہاں آپ چیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کو صحیح معاوضہ مل رہا ہے۔ اس ویبسائٹ کو ایک چیریٹی، لیگل ایکشن گروپ چلاتی ہے۔

اگر آپ انٹرنشپ کر رہے ہیں، تو آپ کو ملنے والے پیسوں کا انحصار آپ کی ایمپلائمنٹ سٹیٹس پر ہے۔ **حکومت کی**

[ویبسائٹ](#) پر اس بارے میں مفید معلومات ہیں کہ اگر آپ انٹرن (intern) ہیں تو آ کے حقوق کیا ہیں۔

## یہ یقینی بنانا کہ آپ کی تنخواہ صحیح ہے

## غیرقانونی کٹوتیاں

جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں اس کو آپ کی تنخواہ سے صرف ٹیکس یا وہی پیسے کاٹنے کی اجازت ہے جس پر آپ نے کام شروع کرتے وقت اتفاق کیا تھا۔ یہ آپ کے کونٹریکٹ میں لکھے ہوں گے (اگر آپ کے پاس کونٹریکٹ ہے)

اگر وہ کسی اور چیز کے لئے آپ سے پیسے کاٹتے ہیں یا سرے سے آپ کو پیسے دیتے ہی نہیں، تو وہ قانون شکنی کر رہے ہوں گے۔

اس کو **غیرقانونی کٹوتیاں** کہتے ہیں۔

غیرقانونی کٹوتیوں کے خلاف حقوق صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہیں۔

## مجھے قانونی کٹوتیوں کا مسئلہ ہے

[حکومتکی ویبسائٹ](#) پر اس بارے میں مزید معلومات ہیں کہ آپ کا ایمپلائر آپ کی تنخواده سے کونسی چیزیں کاٹ سکتا ہے اور کونسی نہیں۔

**مائی پے لندن ویب سائٹ**پر کچھ اچھی معلومات اور ایک مفید ٹول ہے جہاں آپ چیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کو صحیح معاوضہ مل رہا ہے۔ اس ویبسائٹ کو ایک چیریٹی، لیگل ایکشن گروپ چلاتی ہے۔

## آپ کی پے سلپ پر معلومات کے لکھے ہونے کا حق

## آئٹمائزڈ پے سلپس یا سٹیٹمنٹس

آپ کے مطالبے پر، اس شخص کے لئے، جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، لازم ہے کہ وہ آپ کو لکھ کر دے کہ آپ کی آخری تنخواہ کے بعد سے آپ نے کتنے پیسے کمائے ہیں۔

ان پر یہ لکھنا بھی لازم ہے کہ انہوں نے ایسی چیزوں جیسا کہ ٹیکس کی مد میں انہوں نے آپ سے کتنے پیسے کاٹے ہیں۔

اس کو **آئٹمائزڈ پے سلپ** یا **آئٹمائزڈ پے سٹیٹمنٹ** کہتے ہیں۔

اپریل 2019 سے، پے سلپ میں ان گھنٹوں کا اندراج بھی ضروری ہے جن میں آپ کو ایک مختلف رقم ادا کی گئی، مثال کے طور پر اگر آپ کو اوور ٹائم کے پیسے ملے ہوں۔

تنخواہ کے بارے میں لکھی ہوئی معلومات کا حق صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہے۔

## مجھے آئٹمازئزڈ پے سلپس کا مسئلہ ہے

پے سلپس اور ان پر لکھی جانے والی ضروری چیزوں کے بارے میں مزید معلومات **the government's website (حکومت کی ویبسائٹ).** ہیں۔

## ریٹائرمنٹ کے اخراجات میں مدد

### ورک پلیس (Workplace ) پینشنز

وہ شخص جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں ہر دفعہ آپ کی تنخواہ کا کچھ حصہ بچا سکتا ہے تاکہ آپ کے پاس اس وقت گزارا کرنے کے لئے پیسے ہوں جب آپ کی عمر اتنی ہو جائے کہ آپ ریٹائرمنٹ لے سکیں۔ اس کو **ورک پلیس پینشن** کہتے ہیں۔

جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں عمومی طور پر اس کو بھی آپ کے پینشن میں کچھ رقم جمع کرنی پڑتی ہے ہر دفعہ جب آپ کو تنخواہ ملتی ہے۔

عمومی طور پر انہیں آپ کو ورک پلیس پینشن دینا پڑتا ہے جب تک کہ آپ انہیں نہ دینے کے لئے نہ کہہ دیں۔ اس کو **آٹومیٹک انرولمنٹ(automatic enrolment)** کہتے ہیں۔

ورک پلیس (Workplace ) پینشنز صرف **ایملائیز** اور **ورکرز**کے لئے ہیں۔

## مجھے ورک پلیس پینشنز کا مسئلہ ہے

**حکومت کی ویب سائٹ** پر ورک پلیس (Workplace ) پینشنز کے بارے میں بہرت ساری اچھی معلومات ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ساتھ ورک پلیس (Workplace ) پینشنز کا مسئلہ ہے تو **پینشنز ریگولیٹر ویب سائٹ** پر اس بارے میں کچھ اچھے مشورے ہیں کہ آپ کیا کرسکتے ہیں اور کس کو بتانا ہے۔ آپ اس **اس شخص کو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں** کے خلاف بھی رپورٹ کرسکتے ہیں۔

## مجھے پے اینڈ پینشنز کے بارے میں سپیشلسٹ (ماہرانہ) مشورہ کہاں سے مل سکتا ہے؟

### فون یا ایمیل پر

- ورک پلیس (Workplace ) پینشنز کے بارے میں عمومی معلومات کے لئے آپ حکومتی پینشن انفارمیشن لائن **0800 731 0372** پر فون کرسکتے ہیں۔ یہ صبح 8 سے شام 6 بجے تک، پیر تا جمعہ کھلا ہوتا ہے۔ اگر آپ فون پر سُن یا بول نہیں سکتے تو آپ **18001** اور پھر **0800 731 0372** پر NGT ٹیکس ریلے کے لئے کال

کرسکتے ہیں۔ ٹیکسٹ فون نمبر یہ ہے، **731 0392 0800**۔

- اگر آپ کو آٹومیٹک انرولمنٹ کا مسئلہ ہے یا آپ کو ورک پلیس (Workplace ) پینشنز کے بارے میں مشورہ چاہیئے تو آپ پینزنز ایڈوائزری سروس کو **0800 011 3797** پر فون کرسکتے ہیں۔ وہ صبح 9 سے شام 5 بجے تک، پیر تا جمعہ کھلا ہوتے ہیں۔ **ان کی ویب سائٹ** پر ان سے رابطہ کرنے کے دوسرے طریقوں، جیسا کہ ویب چیٹ یا بذریعہ پوسٹ، کے بارے میں مزید معلومات موجود ہیں۔
- اگر آپ کو اس بارے میں مشورہ چاہیئے کہ آیا آپ کو ورک پلیس پینشن لینی چاہیئے یا نہیں تو **منی ایڈوائس سروس کی ویب سائٹ** پر بہت ساری اچھی معلومات موجود ہیں۔ وہاں پر ایک ایڈوائس ٹول اور کیلکولیٹر بھی موجود ہے۔

## جاب کا کھونا (ختم ہونا)

آپ کے تحفظ کے لئے بہت سارے حقوق ہیں جب وہ شخص جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، آپ کو برخاست کرتا ہے یا آپ ریڈنڈنٹ کئے جاتے ہیں۔

یاد رہے کہ ان میں سے کچھ حقوق آپ کو اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب آپ ایک خاص ایمپلائیمنٹ سٹیٹس رکھتے ہوں (جیسا کہ **ایمپلائی** یا ایک **ورکر**)۔

## غلط طریقے سے نکالا جانا یا کام چھوڑنے پر مجبور کیا جانا

## unfair dismissal/غلط طور سے برخاستگی کے خلاف تحفظ

اگر وہ شخص جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں آپ کو برخاست کرے یا نکالے، تو انہیں ایک بہت معقول وجہ دینی ہوگی۔ اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو وہ قانون شکنی کر رہے ہوں گے۔

اس کو **غلط برخاستگی یا ان فیئر ڈسمسل (unfair dismissal)** کہتے ہیں۔

وہ آپ کے ساتھ اس طرح کا برا سلوک بھی نہیں کرسکتے کہ آپ نہ چاہتے ہوئے بھی کام چھوڑنے پر مجبور ہوجائیں۔

اس کو **کنسٹرکٹیو ڈسمسل ( constructive dismissal)** اور ان فیئر ڈسمسل کی ایک قسم ہے۔

غلط طور سے برخاستگی کے خلاف تحفظ صرف **ایمپلائیز** کو حاص ہے۔

## مجھے لگتا ہے کہ مجھے ممکنہ طور پر غلط طریقے سے برخاست کیا گیا ہے

آپ سٹیزنز ایڈوائس ویبسائٹ پر دئیے گئے سٹیپسکو فالو کر کےچیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کو غلط طور پر برخاست کیا گیا ہے۔

## ریڈنڈنٹ کئے جانے کی صورت میں اضافی رقم جو آپ ممکنہ طور پر حاصل کرسکتے ہیں

## قانونی ریڈنڈنسی پے

بعض اوقات اگر اس شخص کو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، ان لوگوں کی تعداد کم کرنے کی ضرورت ہو، جو اس کے لئے کام کرتے ہوں، تو اسے شاید آپ کو برخاست کرنا پڑے۔

اس کو **being made redundant/ریڈنڈنٹ بنایا جانا** کہتے ہیں۔

اگر ایسا ہوتا ہے تو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس کو آپ کو ایک خاص رقم دینی پڑ سکتی ہے اس بنیاد پر کہ آپ نے کتنی دیر ان کے لئے کام کیا ہے۔

اس کو **Statutory Redundancy Pay (SRP)/قانونی ریڈنڈنسی پے** کہتے ہیں۔

قانونی ریڈنڈنسی پے صرف **ایمپلائیز** کے لئے ہے۔ یہ صرف اس وقت لاگو ہوتی ہے اگر آپ نے اپنے ایمپلائر کے لئے دو یا زیادہ سال کام کیا ہو۔

## مجھے لگتا ہے کہ مجھے ریڈنڈنسی پے کا مسئلہ ہے

ریڈنڈنسی پے کے بارے میں مزید معلومات **the government's website (حکومت کی ویبسائٹ).** موجود ہیں۔

اگر آپ کو ریڈنڈنٹ بنایا گیا ہے اور آپ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کو کتنی رقم ملنی چاہیئے، تو آپ حکوت کی **ریڈنڈنسی پے کیلکولیٹر ٹول** ٹرائی کرسکتے ہیں۔

## برخاست یا ریڈنڈنٹ کئے جانے کے بعد آپ کتنا وقت کام کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

## قانونی نوٹس پیریئڈز/Statutory Notice Periods اور Statutory Redundancy Notice/ قانونی ریڈنڈنسی نوٹس

جس کے لئے آپ کام کرتے ہوں اگر وہ آپ کو برخاست کرتا ہے یا نکالتا ہے، تو انہیں ممکنہ طور پر آپ کو ایک خاص مدت کی نوٹس دینی ہوسکتی ہے قبل اس کے کہ آپ کو جانا پڑے۔

اس کو **قانونی نوٹس پیریئڈ** کہتے ہیں، اگر آپ برخاست کیا گیا ہے، یا **قانونی ریڈنڈنسی نوٹس** کہتے ہیں اگر آپ کوریڈنڈنٹ کیا گیا ہو۔

آپ کے نوٹس کی مدت کتنی ہوگی اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ اس جاب میں کتنے عرصے سے ہیں۔

اگر آپ کے پاس کونٹریکٹ ہے تو ہوسکتا ہے کہ آپ نے ایک مختلف نوٹس پیریئڈ پر اتفاق کیا ہو۔ اس کو **Contractual Notice Period/کونٹریکچول نوٹس پیریئڈ** کہتے ہیں۔

ہوسکتا ہے کہ آپ کو فوراً ہی کام چھوڑنا پڑے اگر آپ کو کسی بہت ہی غلط کام پر برخاست کیا گیا ہو۔ اس کو **گروس مس کنڈکٹ (gross misconduct)** کہتے ہیں۔

نوٹس پیریئڈ کے حقوق صرف **ایمپلائیز** کو حاصل ہیں۔

## کیا مجھے نوٹس پیریئڈ کے دوران تنخواہ ملتی رہے گی؟

جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں وہ عام طور پر آپ کے نوٹس پیریڈ کے دوران آپ کو تنخواہ دیتا رہے گا۔

کبھی کبھار وہ آف کو فوراً ہی جانے کا کہہ سکتا ہے لیکن وہ آپ کو نوٹس پیریئد کے دوران جو تنخواہ آپ کی بننی تھی، دے گا۔

اس کو پیمنٹ ان لیو آف نوٹس کہتے ہیں۔

## مجھے لگتا ہے کہ مجھے نوٹس پیریئڈ یا پے کا مسئلہ ہے

نوٹس پیریئڈز اور پے پر مزید معلومات اس سٹیزنز ایڈوائس ویب سائٹ پرموجود ہیں۔

آپ چیک کرسکتے ہیں کہ آیا نوٹس پیریئڈ اور پے پر آپ کو صحیح چوائسز دی گئی ہیں مائی پے لندن کی ویب سائٹ کا یہ ٹول استعمال کر کے۔

## اگر آپ کی کمپنی کوئی اور لے لیتا ہے تو آپ کو کیا تحفظ حاصل ہے

### TUPE (ٹرانسفر آف انڈرٹیکنگز (ایمپلائمنٹ کا تحفظ))۔

اگر آپ کی کمپنی کوئی اور لے لیتا ہے تو عمومی طور پر آپ کو انہی شرائط اور ضوابط کے ساتھ جاب جاری رکھنی

چاہیئے۔ اگر آپ نہیں رکھتے تو نئے مالکان قانون شکنی کر رہے ہوں گے۔

آپ کو ایک قانون کے تحت تحفظ حاصل ہے جو **ٹرانسفر آف انڈرٹیکنگز (پروٹیکشن آف ایمپلائمنٹ))/( Transfer of Undertakings (Protection of Employment))**یا مختصراً **TUPE** کہتے ہیں۔

یہ کہنا ممکنہ طور پر مشکل ہو سکتا ہے کہ TUPE کس وقت آپ کا تحفظ کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کی کمپنی کے نئے مالکان آپ کو ممکنہ طور پر ریڈنڈنٹ بناسکتے ہیں یا آپ کو نکال سکتے ہیں اگر کمپنی کے پاس پیسے نہ ہوں۔

اس بارے میں بہت سارے قوانین ہیں کہ آپ کی پینشن کا کیا ہوگا (اگر آپ کی پینشن ہے تو) جو کہ اس بات پر منحصر ہے کہ کس قسم کی جاب کرتے ہیں۔

TUPE کے تحت تحفظ صرف ایمپلائیز کے لئے ہے۔

## مجھے لگتا ہے کہ مجھے TUPE کے تحت میرے حقوق کا مسئلہ ہے

کچھ اچھی معلومات ورکسمارٹ کی ویب سائٹ پر پر آپ کے حقوق کے بارے میں موجود ہیں بصورت آپ کی کمپنی کوئی اور لے لیتا ہے:

## خاندان اور والدین

آپ کے تحفظ کے لئے بہت سارے حقوق ہیں جب آپ یا آپ کے پارٹنر کا بچہ ہو یا ایڈاپٹ کر لیں۔

یاد رہے کہ ان میں سے کچھ حقوق آپ کو اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب آپ ایک خاص ایمپلائیمنٹ سٹیٹس رکھتے ہوں (جیسا کہ **ایمپلائی** یا ایک **ورکر**)۔

## چھٹیاں اور پے جب آپ کا بچہ ہونے والا ہو

### میٹرنیٹی لیو اور میٹرنیٹی پے

اگر آپ کا بچہ ہوجائے، تو جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ آپ کو کام سے ایک خاص مدت کے لئے چھٹی دے۔ اس کو **Statutory Maternity Leave/قانونی میٹرنیٹی لیو** کہتے ہیں۔

اور جب تک آپ کی کام سے چھٹی ہو انہیں آپ کو ایک خاص رقم تواتر کے ساتھ دینی ہوتی ہے۔ اس کو **Statutory Maternity Pay/قانونی میٹرنیٹی پے** کہتے ہیں۔

قانونی میٹرنیٹی لیو صرف **ایمپلائیز** کے لئے ہے۔

قانونی میٹرنیٹی پے **تمام ایمپلائیز** اور **کچھ ورکرز** کے لئے ہے جو ایک خاص وقت سے زیادہ اپنی جاب میں رہے ہوں اور ایک خاص رقم سے زائد پیسے کماتے ہوں۔

اگر آپ کو میٹرنیٹی پے نہیں مل سکتی، تو ممکن ہے کہ آپ حکومت سے کوئی اور مالی سپورٹ حاصل کرسکیں، جیسا کہ میٹرنیٹی الاوَنس۔

حکومت نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

ان کی ویب سائٹ پر **یہ کیلکولیٹ کرنے کے لئے کہ آپ کس چیز کے حقدار ہیں ایک ٹول** بھی ہے۔

## اگر آپ کے پارٹنر کو بچہ ہونے والا ہو تو کام سے چھٹی اور پے

## پیٹرنیٹی لیو اور پے

اگر آپ کے پارٹنر کو بچہ ہونے والا ہو یا آپ ایک دونوں ایک بچہ ایڈاپٹ کرنے والے ہوں، تو جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ آپ کو کام سے ایک خاص مدت کے لئے چھٹی دے۔ اس کو **Statutory Paternity Leave/قانونی پیٹرنیٹی لیو** کہتے ہیں۔

اور جب تک آپ کی کام سے چھٹی ہو انہیں آپ کو ایک خاص رقم تواتر کے ساتھ دینی ہوتی ہے۔ اس کو **Statutory Paternity Pay/قانونی پیٹرنیٹی پے** کہتے ہیں۔

ممکن ہے کہ آپ بغیر تنخواہ کے کچھ چھٹیاں بھی لے سکیں تاکہ آپ اپنی حاملہ پارٹنر کے ساتھ چیک اپس پر جاسکیں۔

قانونی پیٹرنیٹی لیو صرف **ایمپلائیز** کے لئے ہے۔

قانونی پیٹرنیٹی پے **تمام ایمپلائیز** اور **کچھ ورکرز** کے لئے ہے جو ایک خاص وقت سے زیادہ اپنی جاب میں رہے ہوں اور ایک خاص رقم سے زائد پیسے کماتے ہوں۔

حکومت نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

ان کی ویب سائٹ پر **یہ کیلکولیٹ کرنے کے لئے کہ آپ کس چیز کے حقدار ہیں ایک مفید ٹول** بھی ہے۔

## بچہ ہونے کی صورت میں آپ کا اپنے پارٹنر کے ساتھ چھٹیاں اور پے شیئر کرنا

## شیئرڈ پیرنٹل لیو اور شیئرڈ پیرنٹل پے

اگر آپ اور آپ کے پارٹنر کے ہاں بچہ ہونے والا ہو یا آپ کوئی بچہ گود لے رہے ہوں تو آپ ممکنہ طور پر ایک خاص وقت کے لئے چھٹیاں شیئر کر سکتے ہیں۔ اس کو **Shared Parental Leave/شیئرڈ پیرنٹل لیو** کہتے ہیں۔

اور جب تک آپ کی کام سے چھٹی ہو انہیں آپ کو ایک خاص رقم تواتر کے ساتھ دینی ہوتی ہے۔ اس کو **Shared Parental Pay/شیئرڈ پیرنٹل پے** کہتے ہیں۔

شیئرڈ پیرنٹل لیو **صرف کچھ ایمپلائیز کے لئے ہے** اور شیئرڈ پیرنٹل پے صرف **کچھ ایمپلائیز اور کچھ ورکرز** کے لئے ہی ہے۔

یہ معلوم کرنا بہت مشکل ہوسکتا ہے کہ آپ کو کتنا شیئرڈ پیرنٹل لیو اور شیئرڈ پیرنٹل پے مل سکتی ہے کیونکہ اس کا انحصار آپ کے پارٹنر کی ایمپلائمنٹ اور اس بات پر ہے کہ آپ دونوں کتنا کماتے ہیں۔

حکومت نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

ان کی ویب سائٹ پر **یہ کیلکولیٹ کرنے کے لئے کہ آپ کس چیز کے حقدار ہیں ایک ٹول** بھی ہے۔

## چھٹیاں اور پے اس صورت میں اگر آپ اور آپ کا پارٹنر بچہ گود لے رہے ہوں

### Statutory Adoption Pay/قانونی اڈاپشن پے اور Statutory Adoption Leave/قانونی اڈاپشن لیو

اگر آپ اور آپ کے پارٹنربچہ ایڈاپٹ کر رہے ہیں تو آپ ممکنہ طور پر ایک خاص وقت کے لئے چھٹیاں لے سکتے ہیں۔ اس کو **قانونی ایڈاپشن لیو** کہتے ہیں۔

اور جب تک آپ کی کام سے چھٹی ہو انہیں آپ کو ایک خاص رقم تواتر کے ساتھ دینی ہوتی ہے۔ اس کو **قانونی ایڈاپشن پے** کہتے ہیں۔

آپ دونوں میں سے کوئی ایک ہی اڈاپشن لیو یا پے کلیم کر سکتا/سکتی ہے، لیکن دوسرا/دوسری پارٹنر پیٹرنیٹی لیو یا پے کلیم کرسکتا/سکتی ہے۔

آپ دونوں ممکنہ طور پر شیئرڈ پیرنٹل لیو یا پے بھی کلیم کر سکتے ہیں۔

قانونی ایڈاپشن لیولیو صرف ایمپلائیز کے لئے ہے۔

قانونی ایڈاپشن پے **تمام ایمپلائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہے جو ایک خاص وقت سے زیادہ اپنی جاب میں رہے ہوں اور ایک خاص رقم سے زائد پیسے کماتے ہوں۔

حکومت نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

ان کی ویب سائٹ پر **یہ کیلکولیٹ کرنے کے لئے کہ آپ کس چیز کے حقدار ہیں ایک ٹول** بھی ہے۔

## مجھے بطور پیرنٹ (والد/والدہ) میرے حقوق کے بارے میں ماہرانہ مشورہ کہاں سے مل سکتا ہے؟

- میٹرنیٹی ایکشن ایک قومی چیریٹی ہے جو میٹرنیٹی اور کام کرنے والے والدین کے حقوق اور بینیفٹس پر مفت مشورہ فراہم کرتی ہے۔ آپ **مزید معلومات کے لئے** **ان کی ویب سائٹ** پر جا سکتے ہیں یا ان کی لندن میٹرنیٹی رائٹس ایڈوائس لائن **0808 802 0057** پر انہیں فون کرسکتے ہیں۔ یہ پیر، منگل، جمعرات اور جمعے کے دن صبح 10 بجے سے لے کر دوپہر 1 بجے تک کھلی رہتی ہے۔

## کام سے چھٹی

بہت سارے ایسے حقوق ہیں جن کا مطلب یہ ہے کہ جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں انہیں آپ کو ایک خاص وقت کی چھٹی دینی ہوتی ہے۔

یاد رہے کہ ان میں سے کچھ حقوق آپ کو اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب آپ ایک خاص ایمپلائیمنٹ سٹیٹس رکھتے ہوں (جیسا کہ **ایمپلائی** یا ایک**ورکر**)۔

## کام سے چھٹی اور پے جب آپ بیمار ہونے کی وجہ سے کام پر نہ جا پائیں

## Statutory Sick Pay/قانونی سک پے (بیماری کی تنخواہ)

اگر آپ کو بیماری کی وجہ سے کام سے کچھ دن سے زیادہ کی چھٹی لینی پڑجائے، تو جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں اس پر لازم ہے کہ وہ آپ کو ہر ہفتے ایک خاص رقم دیتا رہے۔

اس کو **قانونی سک پے** کہتے ہیں۔

انہیں ایک خاص وقت تک ہی آپ کو پیسے دینے ہوتے ہیں، لیکن اگر آپ کا ان کے ساتھ کونٹریکٹ ہے تو شاید انہیں آپ کو زیادہ وقت کے لئے پیسے دینے پڑیں۔

قانونی سک پے (بیماری کی تنخواہ) صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہے۔

آپ سیٹیزنز ایڈوائس کی ویب سائٹ پر **چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ سک پے کے حقدار ہیں**۔

## مجھے لگتا ہے کہ مجھے سِک لیو یا پے کا مسئلہ ہے

آپ چیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کو صحیح سِک پے مل رہی ہے **مائی پے لندن کی ویب سائٹ کا یہ ٹول** استعمال کر کے۔

# کام سے چھٹی اور ہالیڈے پے (چھٹیوں کی تنخواہ)

## اینول/nnual Leave or Statutory Leave Entitlement لیو (سالانہ رخصت) یا قانونی چھٹیوں کا استحقاق

جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ ہر سال آپ کو دنوں کی ایک خاص تعداد میں چھٹی دے، اور آپ کو حسب معمول پیسے دیتا رہے۔

اس کو **اینول لیو** یا **قانونی چھٹیوں کا استحقاق** کہتے ہیں (جسے بعض اوقات **Holiday Entitlement** **ہالیڈے کا استحقاق** کہتے ہیں)۔

قانونی لیو انٹائٹلمنٹ صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہے۔

حکومت نے ہالیڈے انٹائٹلمنٹ اور پے کے بارے میں **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

## مجھے لگتا ہے کہ مجھے اینول لیو یا ہالیڈے پے کے ساتھ مسئلہ ہے

آپ چیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کو صحیح ہالیڈے پے مل رہی ہے **مائی پے لندن کی ویب سائٹ کا یہ ٹول** استعمال کر کے۔

## ایمرجنسی میں آپ کتنی چھٹی لے سکتے ہیں

### Time off for emergencies/ایمرجنسیز کے لئے چھٹی

جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ ایمرجنسیز سے نمٹنے کے لئے آپ کو چھٹی دے، جو آپ کے ڈیپنڈنٹس سے متعلق ہوں (جیسا کہ آپ کی فیملی یا جس کی آپ دیکھ بھال کرتے ہوں)۔

اس کو **ایمرجنسیز میں چھٹی** یا **time off for dependents/ڈیپنڈنٹس کے لئے چھٹی** کہتے ہیں۔

ایسی چھٹی کے دوران جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں وہ شاید آپ کو پیسے دیتا رہے، لیکن یہ ان پر لازم نہیں ہے۔

ایمرجنسیز میں چھٹی صرف **ایمپلائیز** کے لئے ہے۔

حکومت نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** ایمرجنسیز میں چھٹی کے بارے میں دے رکھی ہیں۔

## کام سے بغیر تنخواہ کی چھٹی اس صورت میں کہ آپ کے بچے ہوں

### Unpaid parental leave/ان پیڈ (بغیر تنخواہ کے) پیرنٹل لیو

اگر آپ کے بچے ہیں، تو جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ آپ کو بچوں کی دیکھ بھال کے لئے، کام سے ایک خاص مدت کے لئے بغیر تنخواہ کی چھٹی دے۔

آپ ہر ایک بچے کے لئے کام سے ان کے 18 سال کا ہونے تک چھٹی لے سکتے ہیں، لیکن آپ ہر سال میں کتنی چھٹی لے سکتے ہیں، اس کی ایک حد مقرر ہے۔

ان پیڈ (بغیر تنخواہ کے) پیرنٹل لیو صرف ایمپلائیز کے لئے ہے۔ حکومت نے ان پیڈ (بغیر تنخواہ کے) پیرنٹل لیو کے بارے میں **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

## ورکنگ آورز اینڈ کنڈیشنز (کام کا وقت اور حالات)

بہت سارے ایسے حقوق ہیں جو یہ یقینی بناتے ہیں کہ کام کی جگہ پر آپ محفوظ رہیں اور کام اور زندگی کا ایک صحتمندانہ توازن برقرار رہے۔

یاد رہے کہ ان میں سے کچھ حقوق آپ کو اس وقت حاصل ہوتے ہیں جب آپ ایک خاص ایمپلائیمنٹ سٹیٹس رکھتے ہوں (جیسا کہ **ایمپلائی** یا ایک **ورکر**)۔

## کام پر کافی تعداد میں بریکس (وقفے) لینا

## آرام والے بریکس/Rest breaks

جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، اس پر لازم ہے کہ آپ کو کام کے دوران بریکس لینے دے۔

ان پر یہ بھی لازم ہے کہ آپ کو کام کے دنوں اور ہفتوں کے درمیان بھی کافی تعداد میں آرام کرنے دے۔

انہیں **کام میں آرام والے بریکس**، **ڈیلی/daily rest ریسٹ (روزانہ کے وقفے)** اور **weekly rest/ویکلی (ہفتہ وار)** کہتے ہیں۔

ریسٹ بریکس سے متعلق حقوق صرف **ایملائیز** اور **ورکرز**کے لئے ہیں۔

اس حوالے سے قوانین مختلف ہوسکتے ہیں جس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کی عمر کیا ہے اور آپ کونسی جاب کر رہے ہیں۔

حکومت نے**اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

## Staying safe and healthy at work/کام پر محفوظ اور صحتمند رہنا

### Health and Safety/ہیلتھ اینڈ سیفٹی (صحت اور حفاظت)

جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں اس کو آپ کو ایسا کام کرنے پر مجبور نہیں کرنا چاہیئے جو آپ کی صحت کے لئے برا ہو۔ انہیں آپ اور ان سب لوگوں کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لئے بات بھی کرنی چاہیئے کہ جہاں آپ کام کرتے ہیں وہ محفوظ ہے۔

اس کو **health and safety at work/ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایٹ ورک (کام پر)** کہتے ہیں۔

ہیلتھ اینڈ سیفٹی سے متعلق حقوق صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہیں۔

اگر آپ **سیلف ایمپلائیڈ (Self-employed)** ہیں تو بھی آپ کو تحفظ میسر ہو سکتا ہے، جس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کونسا کام اور کہاں کام کرہے ہیں۔

دی ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹیو (HSE) نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

## میں ہیلتھ اینڈ سیفٹی کے حوالے سے مسئلہ کیسے رپورٹ کر سکتا ہوں؟

اگر آپ ہیلتھ اینڈ سیفٹی کے مسئلے کے ساتھ خود نمٹنے میں ناکام رہے ہیں، تو آپ اسے اس شخص کی رپورٹ کرسکتے ہیں جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں۔

آپ کو کس کو یہ رپورٹ کرنی ہے اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آُ کس قسم کی جاب کرتے ہیں اور کہاں کام کرتے ہیں۔

آپ **ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹیو ویب سائٹ پر** معلوم کرسکتے ہیں کہ آپ کو کس کو رپورٹ کرنی چاہیئے۔

## اگر کام کے دوران میرے ساتھ کوئی حادثہ ہوتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

**سیٹیزنز ایڈوائس ویب سائٹ پر** پر اس بارے میں اچھی معلومات ہیں کہ اگر آپ کو کام پر حادثہ پیش آئے تو آپ کو کیا کرنا چاہیئے۔

## گھر سے کام کرنا یا اپنے کام کے اوقات تبدیل کرنا

### Right to request flexible working/فلیکسیبل (لچکدار) ورکنگ کے لئے درخواست کرنے کا حق

آپ اس شخص سے، جس کے لئے آپ کام کرتے ہیں، مطالبہ کرسکتے ہیں کہ جس طرح سے آپ کام کرتے ہیں اس کو تبدیل کرے، جیسا کہ آپ کو گھر سے کام کی اجازت دے کر یا آپ کے کام کے اوقات تبدیل کرے۔

اس کو **رائٹ تو ریکویسٹ فلیکسیبل ورکنگ (فلیکسیبل کام کا حق)** کہتے ہیں۔

انہیں یہ تبدیلیاں نہ کرنے کے لئے اچھی وجوہات دینی ہوں گی۔

فلیکسیبل (لچکدار) ورکنگ کے لئے درخواست کرنے کا حق صرف **ایمپلائیز** کے لئے ہے۔

سیٹیزنز ایڈوائس نے فلیکسیبل ورکنگ کے بارے میں اور اس بارے کہ آپ کیسے اس کا مطالبہ کرسکتے ہیں **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔

## آپ سے کتنے گھنٹے کا کام کرایا جاسکتا ہے

### Working Time Directive/ورکنگ ٹائم ڈائریکٹیو (کام کے وقت پر ہدایات)

جس شخص کے لئے آپ کام کرتے ہیں، وہ شاید ہفتے میں آپ سے کچھ خاص گھنٹوں سے زیادہ کام نہیں کرواسکتا ہے۔

اس کو **ورکنگ ٹائم ڈائریکٹیو** یا **working time regulations (کام کے اوقات کے قوانین)** کہتے ہیں۔

ورکنگ ٹائم ریگولیشنز صرف **ایملائیز** اور **ورکرز** کے لئے ہیں۔

کچھ جابز میں شاید آپ کو زیادہ گھنٹے کام کرنا پڑ سکتا ہے۔ حکومت نے **اپنی ویب سائٹ پر مزید تفصیلی معلومات** دے رکھی ہیں۔